# لکھنے کی تشخیص کی اسکریننگ برائے خلل یافتہ/غیر ہموار باضابطہ تعلیم والے طلباء (Students with Interrupted/Inconsistent Formal Education (SIFE))

**لکھنے کی تشخیص کی اسکریننگ کی ہدایات**

گھریلو یا مادری زبان میں لکھنے کی تشخیص کا مقصد طالب علم کی بنیادی تحریری مہارت کی فوری شناخت کرنا اور خلل یافتہ/غیر ہموار باضابطہ تعلیم والے طلباء (SIFE) کو اسکرین کرنا ہے۔ یہ جانچ گروپ میں کی جانی چاہیے اور طلباء کو اپنا لکھنا مکمل کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ 15 منٹ دئیے جانے چاہئیں۔

**انتظامی ہدایات :**

اس تشخیص کو شروع کرنے سے قبل، اگر آپ کو پہلے سے ہی معلوم نہ ہو، تو طالب علم کی گھریلو یا مادری زبان کی شناخت کریں۔ یہ تشخیص انگریزی کے علاوہ درج ذیل زبانوں میں فراہم کی جاتی ہے :

- ہسپانوی زبان
- عربی
- بنگالی
- ہیشئن کریول
- چینی
- اردو
- مائے مائے
- سگاؤ کارین

1. اگر کوئی طالب علم کسی ایسی زبان میں لکھنے کا اہل ہے جو اوپر مذکور نہیں ہے، تو طالب علم اس زبان میں انگریزی اشاروں کا استعمال کرتے ہوئے لکھ سکتا ہے (گھریلو یا مادری زبان میں زبانی ہدایات کے ساتھ)۔ اگر کسی طالب علم کی کوئی تحریری زبان نہ ہو، تو انہیں 'ڈرائنگ کردہ جواب' کے اشاروں کا استعمال کرتے ہوئے اپنے جواب کی ڈرائنگ بنانی چاہیے۔ ڈرائنگ کردہ جواب کا گریڈ نہیں دیا جا سکے گا لیکن اس سے طالب علم کو فعال طور پر شرکت کرنا ملے گا۔
2. انسٹرکٹر طالب علم کی بنیادی تفصیلات خانوں میں پُر کر سکتا ہے (نام، آمد کی تاریخ، داخلہ کی تاریخ وغیرہ۔) کوئی زبانی ہدایات طالب علم کی اپنی گھریلو زبان یا مادری زبان میں دی جانی چاہیے۔
3. طلباء کو بتائیں کہ وہ اپنی گھریلو زبان یا مادری زبان میں ایک کہانی لکھیں گے۔ انہیں بتائیں کہ یہ کوئی جانچ نہیں ہے، لیکن ہم چاہتے ہیں کہ وہ اپنی سی بہترین کوشش کریں اور جتنا ممکن ہو لکھیں۔
4. آپ اس کام کے بارے میں بنیادی سوالات کے جواب دے سکتے ہیں، لیکن کسی قسم کی وضاحت کرنے، خیال کا مشورہ دینے، یا ظاہری طور پر طالب علم کی مدد کرنے سے احتراز کریں۔
5. طالب علم کو اپنی تحریر مکمل کرنے کے لیے کسی ڈکشنری کا استعمال نہیں کرنا چاہیے یا ٹیچر یا دیگر طلباء سے مدد طلب نہیں کرنا چاہیے -
6. طلباء کی زیادہ سے زیادہ ممکن تحریر کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے اور اگر اضافی کاغذ کی ضرورت ہو تو فراہم کیا جانا چاہیے -



Updated: 8/23/2016

| | |
|---|---|
| نام: | عمر: |
| تاریخ: | مادری زبان: |
| امریکہ میں آنے کی تاریخ: | اپنا ملک: |

آپ کی تحریر کا عنوان: ___________________________________

**اشاروں کے نمونے**

اس سرگرمی کے لیے، اپنے وطن میں اپنی پسندیدہ تعطیلات/تقریب کے بارے میں لکھیں۔ اسے شامل کریں/اس کے بارے میں سوچیں:

- تعطیلات/تقریب کی تمام تر تفصیلات
- کیا چیز تعطیل/تقریب کو پُر لطف بناتی ہے
- کوئی یادداشت جو تعطیل/تقریب کے بارے میں ہو

ذیل کی جگہ کا استعمال کرتے ہوئے ایک یا دو پیراگراف اپنی تعطیل کے بارے میں لکھیں:

اپنی تحریر میں ذیل کے نکات شامل کرنا یاد رکھیں:

- ☐ تعطیل/تقریب کا نام جس سے آپ کے ملک کے افراد لطف اندوز ہوتے ہیں
- ☐ تعطیل/تقریب کے لئے لوگ کیا کرتے ہیں
- ☐ لوگ کس قسم کے کھانے کھاتے ہیں
- ☐ یہ تعطیل/تقریب آپ کو کیوں پسند ہے



Updated: 8/23/2016